© rasailojaraid.com



کے اظہار، اپنے جذبات واحساسات دوسروں تک منتقل کرنے اور عوام الناس کو اپنے افکار ونظریات کا قائل بنانے کے لیے استعمال کرتا ہے، ایک قادر الکلام مقرر مختصر وقت میں ہزاروں لاکھوں افراد تک اپنا پیغام پہنچا کر اپنے عقائد ونظریات ان تک بآسانی منتقل کرسکتا ہے۔ زیرتبصرہ کتاب ''مولانا عطاء اللہ کیمبلپوری کی پرسوز تقاریر'' مولانا عطاء اللہ کیمبلپوری کی چار علمی تقاریر کا مجموعہ ہے جس کو مفتی ہارون مطیع اللہ (جانشین مولانا گل شیر شہید) نے عوام الناس کے دینی نفع کی خاطر مرتب کیا ہے، تقاریر کو جابجا عنوانات سے مزین کیا گیا ہے تاکہ استفادہ میں آسانی ہو۔

● نام کتابچہ: زادالجنۃ مرتب: مولانا محمد عمر فاروق مدنی صفحات: ۴۸ قیمت: درج نہیں

ناشر: مدنی اسلامک ریسرچ سنٹر قاسم بازار، بخاری چوک، سمندری، فیصل آباد۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا ایک انتہائی عظیم عمل ہے جس کی عظمت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اللہ عزوجل نے قرآن مقدس میں بے شمار احکام دیے ہیں لیکن درود شریف کے لیے ایک الگ اور منفرد اسلوب اختیار کیا ہے۔ درود شریف وہ عظیم عمل ہے جسے خداوند قدوس بھی اپنی شان کے لائق سرانجام دیتے ہیں۔ زیرنظر کتابچہ ''زادالجنۃ'' میں درود شریف سے متعلقہ جملہ معلومات مثلاً فضائل، آداب اور طریق کار وغیرہ کو حدیث کی روشنی میں بحوالہ بیان کیا گیا ہے۔ اس کا مطالعہ قارئین کے لیے اپنے دل کو حبِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے معمور کرنے کا ذریعہ ہوگا

● نام کتاب: خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز مرتب: ابوعلی معاویہ صفحات: ۲۳۷ قیمت: 350 روپے

ملنے کا پتہ: کراچی خوشبو محل، نزد تبلیغی مرکز، تلہ گنگ ضلع چکوال۔ 0323-3505211

نماز اسلام کے ارکان خمسہ میں سے ایک اہم رکن ہے اور ہماری روزمرہ زندگی کی تہذیب وتمدن کی بڑی حد تک ضامن ہے، نماز کو پابندی کے ساتھ مسجد میں باجماعت ادا کرلینا کافی نہیں اور نہ ہی خشوع وخضوع، عاجزی وانکساری اور پورے خلوص کے ساتھ اللہ کے حضور سجدہ ریز ہوجانا نماز میں قبولیت کی علامت ہے بلکہ اس فریضہ سے عہدہ برآ ہونے اور نماز کو قبولیت کے درجے تک پہنچانے کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے اور سنت کے مطابق ادا کی جائے، تکبیر تحریمہ سے لیکر سلام تک قیام وقعود ہو یا رکوع وسجود، اذکار وتسبیحات ہوں یا قرآت قران ہر چیز قرآن وسنت کی روشنی میں ادا کی جائے۔ زیرمطالعہ کتاب ''خاتم الانبیاء کی نماز'' بھی اسی سلسلہ کی ایک علمی اور تحقیقی کاوش ہے جو کہ نماز کے موضوع پر اپنی نوعیت کی مستند، سہل الفہم، جامع اور شاندار کتاب ہے، جس میں قرآن وسنت، آثارِ صحابہ اور آثارِ تابعین کی مدد سے نماز کی صحیح اور مسنون صورت پیش کی گئی ہے، تاکہ مسلمان باآسانی اپنی نمازیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے مطابق ادا کرسکیں، اس کتاب کا مطالعہ جہاں آپ کو نماز کے مکمل طریقے سے روشناس کرائے گا، وہاں نماز میں پڑھی جانے والی مسنون دعائیں اور دیگر احکامات سے بھی آگاہ کرے گا۔ اللہ تعالیٰ مرتب کی اس سعی کو قبول فرماتے ہوئے اجر جزیل عطا فرمائیں۔ (آمین)



© rasailojaraid.com